لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

# Rampur State Gazette.

# گزٹ ریاست رامپور

## بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم


| | | |
|---|---|---|
| نمبر ۱۸ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۷ جمادی الثانی ۱۳۳۴ھ مطابق یکم مئی سنہ ۱۹۱۶ء | جلد ۲۸ |


فہرست مضامین


| نمبر شمار | خلاصہ مضمون | نمبر صفحہ |
|---|---|---|
| ۱ | انتظام باغات شاہ آباد | ۱ و ۲ |
| ۲ | ضبطی سند احمد حسن عرائض نویس | ۲ |
| ۳ | تقرر ریاست علی | ۳ |
| ۴ | اضافہ نائب مہتمم مہمان خانہ | ۳ |
| ۵ | نقشہ زنانہ اجلاس | ضمیمہ |


### حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم وقع ۱۰ اپریل سنہ ۱۹۱۶ء

مثل عرضداشت صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر بدیں مضمون کہ معشوق علی مہتمم باغات شاہ آباد شاہرہ دار پچیس روپیہ ماہوار کے پاس کام زیادہ ہو۔ دو حلقہ باغات شاہ آباد کر دیئے جائیں۔ اور پندرہ روپیہ ماہوار حبیب الرحمن خان تنخواہ معشوق علی کے دیئے جائیں اور چالیس معشوق علی کو دیئے جا

اور بعد منظوری کام تقسیم کردیا جائیگا -

حکم ہوا کہ

رپورٹ منظور رہے - احکام ضابطہ جاری ہون -

## حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

مورخہ ۲۰ - اپریل سنہ ۱۹۱۶ء

مشمولہ بیانات مستقیم خان دکاندار رشید گنج و احمد نور عرائض نویس

بابت تحقیقات غلط نویسی عرائض مذکور -

شٹیان اور چھپر جو گنج جدید مین دکانداران نے ڈال لئے ہین اُنکے متعلق تحصیل سے جو تجویز ہٹانے کا راستہ کشادہ کرنیکی ہوئی تھی اُس سے ناراض ہوکر یہ درخواست اڑتیان گنج نے ۲۹ - فروری سنہ ۱۹۱۶ء کو اجلاس ہذا مین دی تھی - اُس درخواست کے الفاظ ذیل ہین -

دو چھپر ہمارے بدستور رکھے جاوین - آینده سرکار جس حیثیت سے چھپر کو بیگا - یہ امر معاہدہ کے خلاف ہی - چھپر علیحدہ کرنیکا معاہدہ نہین ہوا تھا " - بوقت پیشی اڑتیان نے زبانی انکار کیا کہ ہمنے یہ الفاظ درخواست مین نہین لکھوائے تھے لکھنے والے نے اپنی طرف سے لکھدیے ہونگے - ہمنے عرائض نویس کو طلب کرکے اسکا بیان قلمبند کیا اُسنے یہ بیان کیا کہ اڑتیون کے ساتھ مین حبیب اللہ و مستقیم آئے تھے اور ایک مسودہ لائے تھے - اُسکی ہی نقل اسٹامپ پر کردی گئی تھی - حبیب اللہ کو اسکی تصدیق کیواسطے طلب کیا گیا وہ نہین ملا مستقیم کو طلب کیا گیا - اُسنے حاضر ہوکر بیان کیا کہ ہم سب نے صرف یہ لکھوایا تھا کہ اسوقت چھپر ہمارے آخر میعاد تک نہ ہٹائے جاوین - آینده کو جیسا حکم ہوگا تعمیل کرینگے - اور ہمنے کچھ نہین لکھوایا - اور نہ کوئی مسودہ ہم لائے تھے - چونکہ اس سے احمد نور عرائض نویس کی چالاکی و غلط بیانی ظاہر ہوتی ہی - لہذا حکم ہوا کہ سند عرائض نویسی احمد نور کی ضبط کیجاوے احکام ضابطہ جاری ہون - احمد نور عرائض نویسی سے ممنوع کیا جاتا ہے -

## ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

### تقرر

۲۵ - اپریل سنہ ۱۹۱۶ء

حسب تحریر صاحب چیف سکریٹری بہادر مبنشاء حکم بندگان عالی حضور معلی دام اقبالہم و ملکہم ریاست علی کا تقرر بعہدہ رشید کانسٹبلی بمشاہرہ بیس روپیہ ماہوار کیا گیا -

## ملخص حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

### اضافہ

۲۲ - اپریل سنہ ۱۹۱۶ء

حسب تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ ذات خاص - نذیر احمد نائب مہتمم مہمان خانہ کی بارہ روپیہ ماہوار تنخواہ مین دو روپیہ ماہوار اضافہ منظور کیا گیا -

---

نقشہ نرخ اجناس تعلقہ ریاست رامپور ابتداء ۲۳ اپریل لغایت ۲۹ اپریل ۱۹۱۶ء

| نام جنس | حضور تحصیل | شاہ آباد | ملک | بلاسپور | سوار | ٹانڈہ | کیفیت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گندم | ۹ار | ۹ار | ۱۰ار | ۹ار | ۱۰ار | ۹ار | |
| نخود خالص | ۱۲ار | ۱۲ار | ۱۲ار | ۱۳ار | ۱۳ار | ۱۲ار | |
| نخود کشتہ آمیز | ۱۳ار | ۱۳ار | ۱۲ار | ۱۴ار | ۱۴ار | ۱۴ار | |
| کستہ | ۱۳ار | ۰ | ۱۴ار | ۱۳ار | ۱۵ار | ۱۳ار | |
| ماش | ۷ار | ۷ار | ۶ار | ۸ار | ۷ار | ۷ار | |
| مونگ | ۷ار | ۷ار | ۷ار | ۷ار | ۸ار | ۷ار | |
| مکا | ۱۸ار | ۰ | ۱۶ار | ۲۰ار | ۱۷ار | ۱۸ار | |
| جئی | ۱۲ار | ۳۰ار | ۳۰و۱۳ار | ۱۵ار | ۳۰ار | ۳۰ار | |
| گوجئی | ۰ | ۱۱ار | ۱۲ار | ۱۲ار | ۱۳ار | ۱۲ار | |
| عدس | ۹ار | ۰ | ۱۱ار | ۱۰ار | ۱۱ار | ۱۰ار | |
| ارہر | ۱۰ار | ۰ | ۱۳ار | ۰ | ۱۲ار | ۱۱ار | |
| برنج | ۴ار | - | ۸ار | ۴ار | [illegible] | [illegible] | |
| روغن زرد | ۱ار | ۱ار | ۱ار | ۱ار | ۱ار | ۱ار | |
| روغن سیاہ | ۲ار | ۲ار | ۲ار | ۲ار | ۲ار | ۳ار | |
| روغن کنجد | ۲ار | ۲ار | ۲ار | ۱ار | ۲ار | ۱ار | |
| نمک سانبھر | ۱۰ار | ۱۱ار | ۱۲ار | ۱۳ار | ۱۲ار | ۱۳ار | |
| نمک لاہوری | ۹ار | ۱۱ار | ۱۱ار | ۸ار | ۱۰ار | ۱۳ار | |
| قند سیاہ | ۵ار | ۶ار | ۵ار | ۵ار | ۵ار | ۶ار | |
| باجرہ | ۱۱ار | ۱۳ار | ۱۲ار | ۰ | ۱۳ار | ۰ | |

مطبوعہ پریس ریاست رامپور